سوال

(597)ضیق الرحم کے عارضہ کی وجہ سے مانع حمل گولیاں کھانا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میری اہلیہ کو ضیق الرحم کا عارضہ ہے، اس کے ہاں طبعی ولادت نہیں ہوتی ہے۔ تین بچے ہوئے ہیں اور تینوں ہی آپریشن سے ہوئے ہیں، اور حمل سے اسے ازحد تکلیف ہوتی ہے۔ توکیا اس صورت میں اسے مانع حمل ادویات استعمال کرلینی جائز ہیں، تاکہ وہ اس کیفیت سے محفوظ رہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت میں اسے مانع حمل ادویات استعمال کرلینی جائز ہے تاکہ اسے راحت ملے۔ کیونکہ تیسرے آپریشن کے بعد رحم کی دیوار بہت متاثر ہو جاتی ہے اور اس کے پھٹنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 419

محدث فتویٰ